سوال

(147)آسیب کیا ہے؟اوراس کا علاج

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آسیب کیا ہے؟ اور آسیب زدہ کا علاج قرآن کی کن آیات اور کن احادیث مبارکہ سے کیا جاتا ہے؟ اوراس کے پڑھنے کا طریق کار کیا ہونا چاہیے؟

1۔ کیا جنات آدمی کو لگ جاتے ہیں؟ نیز ان کے لگنے کا سبب کیا ہے؟

2۔ جنات کے آدمی کو لگ جانے کی صورت میں کون سی سورۃ اور آیات تلاوت کی جاتی ہیں جن سے وہ حاضر ہوجاتا ہے؟ اوران کو بھگانے کے لیے کیا کچھ پڑھنا چاہیے؟

3۔ ''شرعی''تعویذ کی حقیقت کیا ہے؟ کیا شرعی تعویذ لیا اور دیا جاسکتا ہے؟

4۔ بعض عامل جنات کو قید کرلیتے ہیں۔ اس کی حقیقت کیا ہے؟ اگر واقعی ایسا ہے تو اس کا کیا طریقہ ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

1۔ آسیب جنات کی تاثیر یا ان سے تأثر کو کہتے ہیں، علاج آیت الکرسی اور معوذتین کی تلاوت یا پھر سورۂ بقرہ کی تلاوت۔

2۔ ہاں لگ جاتے ہیں۔ اسباب مختلف ہوتے ہیں۔

3۔ نمبر: ۱ میں درج شدہ آیات وسور کو کثرت سے پڑھتا رہے، ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

4۔ تعویذ خواہ قرآن وحدیث کے کلمات کا ہی کیوں نہ ہو رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں۔

5۔ یہ ان عاملوں سے پوچھیں مجھے اس کا علم نہیں۔

کتاب ''جادوگروں کا قلع قمع کرنے والی تلوار'' رحمہم اللہ العزیز الغفار کا مطالعہ فرمائیں۔

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 09 ص